# میئر (Mayor) کے لیے

By-Election
VOTE
June 26

# ضمنی انتخاب

**26 جون**

TORONTO

# بذریعہ ڈاک ووٹ کے لیے درخواست دیں

اس ضمنی انتخاب کے لیے آپ بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اپنی درخواست 1 مئی سے 26 مئی کے درمیان toronto.ca/VoteByMail پر جمع کروائیں۔

# MyVote کے ساتھ شروع کریں

1مئی سے، چیک کریں کہ آیاآپ ووٹرز کی فہرست میں ہیں، toronto.ca/MyVote پر اپنے وارڈ اور میئر کے لیے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کو تلاش کریں۔

## کلیدی تاریخیں

### 1 مئی

- **میل ان ووٹنگ** کے لیے درخواست دینے کا پہلا دن
- **ووٹرز کی فہرست** میں اپنی معلومات شامل کرنے، تبدیل کرنے یا اپ ڈیٹ کرنے کا پہلا دن

### 15مئی

- **پراکسی فارم** کی درخواست کرنے کا پہلا دن اور اس کی تصدیق کروانے کے لیے VoterRegistration@toronto.ca پر ای میل کر کے یا 311 پر کال کر کے ملاقات کا وقت طے کریں۔

### 23مئی

- **ووٹر انفارمیشن کارڈز(وی آئی سی) (Voter Information Cards (VICs)** اہل ووٹرز کو بھیجے جاتے ہیں
  - صرف اہل رائے دہندگان جو 14 مئی، 2023 تک ووٹرز کی فہرست میں شامل ہیں میل میں ایک وی آئی سی (VIC) وصول کریں گے۔ اگر آپ ووٹرز کی فہرست میں ہیں اور ڈاک کے ذریعے آپ کو وی آئی سی (VIC) نہیں ملتا ہے، تو آپ toronto.ca/MyVote پر Myvote استعمال کر کے اپنے کارڈ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

### 26مئی

- **میل ان ووٹنگ** کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخ، شام 4:30 بجے تک ہے

### 8جون سے 13 جون

- صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک **پیشگی ووٹنگ** کے چھ دن

### 15جون

TORONTO

- مکمل شدہ **میل ان ووٹنگ(Mail-in Voting)** پیکجز دوپہر (12 بجے) تک موصول ہونا ضروری ہیں

## پیر، جون 26

- الیکشن کا دن صبح 10 بجے سے شام 8 بجے تک

TORONTO

# ووٹنگ کے اختیارات

## شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن)

آپ ووٹنگ کے دستیاب دنوں میں سے کسی بھی دن شخصی طور پر موجود ہو کر ووٹ دے سکتے ہیں۔ پیشگی ووٹ (8 تا 13 جون) کے دوران یا انتخابات کے دن، پیر، 26 جون کو جلد ووٹ دیں۔

## ڈاک کے ذریعے

### مرحلہ 1: میل ان ووٹنگ کے لیے درخواست دیں

- یکم مئی سے toronto.ca/VoteByMail ملاحظہ کریں
- درخواست دینے کی آخری تاریخ جمعہ، 26 مئی شام 4:30 بجے ہے

### مرحلہ 2: اپنا پیکج مکمل کریں

ایک بار منظور ہونے کے بعد، 23 مئی سے آپ کو مکمل کرنے کے لیے ایک میل ان ووٹنگ پیکج بھیجا جائے گا۔

- اعلامیہ فارم پر **دستخط کریں**
- بیلٹ پر **نشان لگائیں**
- سیل بند سیکریسی لفافے (Secrecy Envelope)کو پیلے رنگ کے ریٹرن لفافے میں **داخل کریں**

### مرحلہ 3: اپنا پیکج ڈاک کے ذریعے بھیجیں

- اپنا مکمل شدہ پیکج کینیڈا پوسٹ کے کسی بھی میل باکس میں لے جائیں یا اسے پیلے ٹورنٹو الیکشنز ڈراپ باکس میں سے کسی ایک پر ہاتھ سے پہنچا دیں۔
- ہر وارڈ میں 1 جون سے ایک پیلے رنگ کا ڈراپ باکس دستیاب ہوگا۔ مقامات یہاں پر درج ہیں: toronto.ca/VoteByMail
- مکمل شدہ پیکجز **15 جون کو دوپہر (12 بجے)** تک موصول ہونے چاہئیں۔

## سوالات یا رسائی کی معلومات کے لیے

- elections@toronto.caپر ای میل کریں یا 311 پر کال
- toronto.ca/VoteByMailپر مزید جانیں

## پراکسی (Proxy)کے ذریعے

اگر آپ شخصی طور پر موجود ہو کر یاڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ ووٹنگ پراکسی ( voting proxy ) مقرر کر سکتے ہیں۔ ایک پراکسی وہ ہوتا ہے جس پر آپ کو اپنی طرف سے ووٹ دینے پر بھروسہ ہوتا ہے اور ،جومیئر کے لیے 2023 کے ضمنی انتخاب میں ایک اہل ووٹر ہے۔ ووٹنگ پراکسی اپوائنٹمنٹ فارم مکمل کریں، جس پر آپ اور آپ کے پراکسی کے دستخط ہوں، اور 26 جون کو شام 4:30 بجے سے پہلے سٹی کلرک سے اس کی تصدیق کروائیں۔

TORONTO

15 مئی سے، پراکسی فارم ( Proxy form) حاصل کرنے کے لیے ٹورنٹو الیکشنز (Toronto Elections) سے رابطہ کریں اور VoterRegistration@toronto.ca پر ای میل کرکے یا 311 پر کال کرکے اس کی تصدیق کے لیے ملاقات کا وقت بنائیں۔

toronto.ca/VoteByMail پر مزید جانیں۔

# کون ووٹ دے سکتا ہے

میئر کے لیے 2023 کے ضمنی انتخاب میں ووٹ دینے کے لیے، آپ کو یہ ہونا چاہیے

- کینیڈا کا شہری؛ اور
- کم از کم 18 سال کی عمر؛ اور
- ٹورنٹو شہر کا رہائشی؛ یا
- ٹورنٹو کا ایک غیر رہائشی، لیکن آپ یا آپ کی شریک حیات شہر میں جائیداد کے مالک ہیں یا کرایہ پر ہیں؛ اور
- کسی قانون کے تحت ووٹ دینے سے منع نہیں کیا گیا ہے۔

آپ صرف ایک بار ووٹ دے سکتے ہیں قطع نظر اس کے کہ آپ شہر میں کتنی جائیدادوں کے مالک ہیں یا کرایہ پر ہیں۔

# ووٹرز لسٹ میں شامل ہوں

یہ چیک کرنا ضروری ہے کہ آیا ووٹر لسٹ میں آپ کی معلومات درست ہیں، خاص طور پر اگر آپ گزشتہ انتخابات کے بعد سے منتقل ہو گئے ہیں یا آپ نےاپنا نام تبدیل کیاہے۔ اگر آپ ووٹرز کی فہرست میں ہیں تو آپ کو ڈاک کے ذریعے ووٹر انفارمیشن کارڈ موصول ہوگا۔

1مئی سے 26 مئی تک، ووٹرز لسٹ میں اپنی معلومات کو چیک کریں، شامل کریں یا اپ ڈیٹ کریں بذریعہ:

- toronto.ca/MyVote پر جاکر
- VoterRegistration@toronto.ca کو ای میل کرکے
- 311 پر کال کرکر کے

26مئی کے بعد، جب آپ پیشگی ووٹ (8 سے 13 جون) یا الیکشن کے دن (26 جون) کے دوران شخصی طور پر موجود ہو کر ووٹ ڈالنے جاتے ہیں تو آپ خود کو ووٹرز کی فہرست میں شامل کر سکتے ہیں۔

**جب آپ ووٹ ڈالنے جاتے ہیں تو آپ کو شناختی کارڈ ساتھ لانا ضروری ہے، چاہے آپ ووٹر لسٹ میں ہوں۔**

# ووٹنگ کے دنوں میں

## انتخابات کے دن

پیر، 26 جون، 2023 صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک۔ اگر آپ انتخابات کے دن ووٹ ڈالنے کا انتخاب کرتے ہیں اور آپ متعدد جائیدادوں کے مالک ہیں یا مکان کرائے پر اٹھا رکھے ہیں، تو آپ صرف ایک بار ہی ووٹ دے سکتے ہیں اور آپ کو اس وارڈ میں ووٹ دینا چاہیے جہاں آپ رہتے ہیں۔

## ایڈوانس ووٹنگ کے دن

پیشگی ووٹنگ کے چھ دنوں کے دوران، جمعرات، 8 جون سے منگل، 13 جون صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک جلد ووٹ دیں۔

MyVote استعمال کر کے یا toronto.ca/AdvanceVote پر جا کر اپنے ووٹر انفارمیشن کارڈ پر پیشگی ووٹ کے مقامات تلاش کریں۔ پیشگی ووٹنگ کے دنوں کے دوران آپ شہر بھر میں دستیاب ووٹنگ کے کسی بھی مقام پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

# طلباء کے لیے معلومات

اگر آپ ایک طالب علم ہیں اور جب آپ اسکول نہیں جاتے ہیں ، اس وقت جس جگہ پر آپ رہتے ہیں، اس کو اپنا "گھر" سمجھتے ہیں ، جس کا مطلب ہے کہ آپ وہاں واپس جانے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ اپنی "ہوم" میونسپلٹی اور اس میونسپلٹی میں جہاں آپ حال میں، اسکول میں تعلیم حاصل کرنےکے دوران رہتے ہیں، دونوں جگہوں پرووٹ دینے کے اہل ہیں۔ toronto.ca/ByElectionپر مزید جانیں۔

# میرا ووٹ(MyVote)

MyVoteویب ایپلیکیشن میں میئر کے لیے 2023 کے ضمنی انتخابات کے لیے آپ کوتیار کرنے کے لیے سب کچھ موجود ہے۔

1 مئی سے، **toronto.ca/MyVote**پر جائیں اور اپنا ٹورنٹو کا پتہ درج کریں :

- معلوم کریں کہ آیا آپ ووٹرز کی فہرست میں شامل ہیں
- اپنے ووٹرز کی فہرست کی معلومات شامل کریں، تبدیل کریں یا اپ ڈیٹ کریں (26 مئی تک)
- میئر کے لیے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کو دیکھیں
- اپنا وارڈ اور نقشہ تلاش کریں
- اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ دیکھیں، ڈاؤن لوڈ کریں یا پرنٹ کریں (1 جون سے)
- معلوم کریں کہ کہاں اور کب ووٹ دینا ہے (1 جون سے)
- اپنی ووٹنگ کی جگہ کے بارے میں قابل رسائی معلومات تلاش کریں (1جون سے)
- اپنے بیلٹ کا نمونہ دیکھیں (1 جون سے)

شخصی طور پر موجود ہو کر ووٹ دینے سے پہلے MyVote کو چیک کرنا جاری رکھیں، کیونکہ ووٹنگ کے مقامات تبدیل ہو سکتے ہیں

# ووٹر انفارمیشن کارڈ

**ووٹر انفارمیشن کارڈزوی آئی سیز (VICs) 23مئی سے ڈ اک کے ذریعے وصول ہوں گے۔** اپنے وی آئی سی (VIC)کو ووٹنگ کے مقام پر لے جانے سے ووٹنگ کا عمل آسان ہو جائے گا۔ آپ کا وی آئی سی (VIC) بطور شناخت استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

ووٹ دینے کے لیے آپ کو وی آئی سی (VIC) کی ضرورت نہیں ہے۔

- اگر آپ ووٹرز کی فہرست میں ہیں اور آپ کو اپنا وی آئی سی (VIC) موصول نہیں ہوتا ہے، لیکن آپ کے گھر کا کوئی فرد حاصل کرتا ہے، تو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ کینیڈا پوسٹ کارڈز کو بیچ میں بھیجتا ہے۔
- اگر آپ کو ایک سے زیادہ وی آئی سی (VIC) موصول ہوتے ہیں، تو جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو ووٹنگ کی جگہ پر سب سے درست کارڈ لائیں جو آپ کی شناخت سے مماثل ہو۔
- اگر آپ کو اپنا وی آئی سی (VIC) موصول ہوتا ہے، لیکن معلومات غلط ہیں، تو جب آپ ووٹ دینے جاتے ہیں اور ووٹر لسٹ میں ترمیم کی درخواست مکمل کرنے کے لیے کہتے ہیں تو آپ کارڈ اپنے ساتھ لے جا سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو کسی ایسے شخص کے لیے وی آئی سی (VIC) موصول ہوتا ہے جو آپ کے گھر میں نہیں رہتا ہے، تو آپ کارڈ پر **بھیجنے والے کو واپس بھیجا جائے(Return to Sender)** بڑے حروف میں لکھ سکتے ہیں اور اسے کینیڈا پوسٹ کے کسی بھی میل باکس میں ڈال سکتے ہیں۔

مزید جانیں: toronto.ca/VIC پر

# قابل رسائی معلومات

## اگر آپ کو ووٹنگ میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو، elections@toronto.ca پر ای میل کرکے یا 311 پر کال کرکے ٹورنٹو الیکشنز (Toronto Elections) سے رابطہ کریں۔

### ووٹنگ کے مقامات

ووٹنگ کے مقامات وہ تمام مقامات جہاں آپ ووٹ دیتے ہیں قابل رسائی ہوں گے۔ ہر مقام کے بارے میں معلومات، مثال کے طور پر ریمپس(ramps)، خودکار دروازے کھولنے والے یا ووٹر اسسٹ ٹرمینلز (Voter Assist Terminals) toronto.ca/ByElection پر دستیاب ہے۔

### قابل رسائی ووٹنگ کا سامان

ووٹر اسسٹ ٹرمینل(Voter Assist Terminal) ایک بیلٹ مارکنگ ڈیوائس ہے جو معذور ووٹرز کو اپنے بیلٹ کو نجی اور آزادانہ طور پر نشان زد کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ خصوصیات میں ایک ٹچ اسکرین، ایک آڈیو فنکشن، ایک بریل کی پیڈ، ایک گھونٹ/پف ٹیوب ڈیوائس، ایک راکر پیڈل/فٹ سوئچ اور فونٹ کے سائز اور رنگ کے تضاد کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے زوم کی خصوصیات شامل ہیں۔

TORONTO

ووٹر اسسٹ ٹرمینلز (Voter Assist Terminals)تمام پیشگی ووٹ کے مقامات پر دستیاب ہوں گے۔ اگر آپ کو انتخابات کے دن ووٹر اسسٹ ٹرمینل کے استعمال کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے ووٹنگ کے نامزد مقام پر موجود نہیں ہے، تو آپ 311 پر کال کر کے اپنا بیلٹ منتقل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## دیگر خدمات

- اگر آپ شخصی طور پر موجود ہو کر ووٹ دینے کے قابل نہیں ہیں تو بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے درخواست دیں۔ درخواست دینے کے لیے toronto.ca/VoteByMail ملاحظہ کریں۔
- ووٹ ڈالنے کے طریقہ سے متعلق ہدایات بریل میں اور 26 زبانوں میں ووٹنگ کے تمام مقامات پر دستیاب ہوں گی۔
- کم بصارت والے ووٹروں کی مدد کے لیے ووٹنگ کے تمام مقامات پر میگنی فیکیشن شیٹس (Magnification sheets) دستیاب ہوں گی ۔
- اگر آپ جسمانی طور پر ووٹنگ کے مقام کے اندر جانے کے قابل نہیں ہیں تو آپ ووٹنگ کے مقام کے اندر ہی کسی دوسرے علاقے میں مدد کی درخواست کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر، پارکنگ لاٹ یا کربسائیڈ (curbside) ۔ مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔
- اگر آپ اپنے بیلٹ پر خود نشان لگانے سے قاصر ہیں تو آپ اپنی مدد کے لیے کسی دوست کو ساتھ لے سکتے ہیں یا آپ کسی انتخابی اہلکار سے مدد کے لیے کہہ سکتے ہیں ۔
- وٹنگ کے تمام مقامات معاون افراد اور خدمت کرنے والے جانوروں کے استعمال کا خیرمقدم کرتے ہیں۔
- ایسے حالات میں بیلٹ کی منتقلی کی درخواست کی جا سکتی ہے جہاں ووٹر کو ان کے نامزد کردہ ووٹنگ کے مقام پر کسی رکاوٹ کا ممکناًسامنا کرنا پڑ ے۔ پہلے سے 311 پر کال کریں۔
- اگر آپ ووٹنگ کے دستیاب دنوں میں شخصی طور پر موجود ہو کر یا بذریعہ ڈاک ووٹ نہیں دے سکتے ہیں، تو آپ ووٹنگ پراکسی (voting proxy) مقرر کر سکتے ہیں ، VoterRegistration@toronto.caپر ای میل کر یں۔
- بہرے یا کم سماعت کے لیے انتخابی معلومات ٹی ٹی وائی (TTY) لائن پر(0889) 416-338-OTTY پر کال کرکے دستیاب ہیں۔

مزید جانیں: toronto.ca/AccessibleElections پر

# قابل قبول شناخت

جب آپ ووٹ ڈالنے جاتے ہیں تو شناخت(آئی ڈی) (ID) کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کا نام ظاہر کرنے اور ٹورنٹو کے پتہ کی وضاحت کرنے والی ایک عدد (آئی ڈی) (ID) ساتھ لانا یاد رکھیں۔ آپ کے ووٹر انفارمیشن کارڈ کو (آئی ڈی) (ID) کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

## قابل قبول (آئی ڈی) (ID) کی مثالیں :

- اونٹاریو کی طرف سے جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس یا موٹر وہیکل پرمٹ (گاڑی والاحصہ)، فوٹو کارڈ ۔
- منسوخ شدہ ذاتی چیک، کریڈٹ کارڈ یا بینک اکاؤنٹ کااسٹیٹمنٹ۔
- ہائیڈرو، ٹیلی فون یا کیبل ٹی وی، پانی، گیس کے یوٹیلیٹی بل یا پبلک یوٹیلیٹیز کمیشن کے بل۔
- کسی آجر کی طرف سے جاری کردہ چیک کا اسٹب( Cheque stub) ، T4کا اسٹیٹمنٹ یا تنخواہ کی رسید ۔
- اونٹاریو ورکس یا اونٹاریو ڈس ایبلٹی سپورٹ پروگرام کے لیے براہ راست ڈپازٹ کا اسٹیٹمنٹ۔
- پراپرٹی ٹیکس کا تعین، انکم ٹیکس کی تشخیص کا نوٹس، چائلڈ ٹیکس بینیفٹ کا اسٹیٹمنٹ۔
- رہن (mortgage)کا اسٹیٹمنٹ، لیز(lease) یا کرایہ کا معاہدہ۔
- پوسٹ سیکنڈری اسکول سے ٹرانسکرپٹ یا رپورٹ کارڈ۔
- کیمپس کی رہائش گاہ کو ظاہر کرنے والا دستاویز، جو دفتر یا پوسٹ سیکنڈری ادارے میں طلباء کی رہائش کے ذمہ دار حکام کے ذریعہ جاری کیا گیا ہے ۔
- حکومت کینیڈا، اونٹاریو یا اونٹاریو کی کسی میونسپلٹی کی طرف سے کوئی اور دستاویز یا اونٹاریو کی عدالت کی طرف سے جاری کردہ یا تصدیق شدہ دستاویز۔
- انڈین ایکٹ (کینیڈا) کے تحت قائم اونٹاریو میں بینڈ کونسل(Band Council) کی طرف سے کوئی بھی دستاویز۔
- انشورنس پالیسی یا بیمہ کا اسٹیٹمنٹ۔
- کسی مالیاتی ادارے کے ساتھ قرض کا معاہدہ یا دیگر مالیاتی معاہدہ۔
- ایمپلائمنٹ انشورنس فوائد کی طرف سے ادا کردہ T4E کا اسٹیٹمنٹ۔
- اولڈ ایج سیکیورٹی (او اے ایس)کے T4A (Old Age Security T4A(OAS)) کا اسٹیٹمنٹ، کینیڈا پنشن پلان کے فوائد کا (T4A (P، کینیڈا پنشن پلان کا اسٹیٹمنٹ ۔
- کام کی جگہ کی حفاظت اور انشورنس بورڈ کے فوائد کا اسٹیٹمنٹT5007 ۔
- سی این آئی بی (CNIB) کارڈ یا کسی اور رجسٹرڈ خیراتی تنظیم کا کارڈ جو معذور افراد کو خدمات فراہم کرتا ہے۔

- طویل مدتی کیئر ہومز ایکٹ، 2007 (Long-Term Care Homes Act, 2007)کے تحت طویل مدتی نگہداشت کے گھر میں رہائش کو ظاہر کرنے والی دستاویز، جو گھر کے منتظم (Administrator) کی طرف سے جاری کی گئی ہے۔

اگر آپ کے پاس قابل قبول (آئی ڈی) (ID) نہیں ہے اور آپ ووٹرز کی فہرست میں نہیں ہیں، تو بیلٹ حاصل کرنے کے لیے آپ سے اپنی (آئی ڈی) (ID) کے ساتھ واپس آنے کو کہا جائے گا۔

# سوشل میڈیا، ویب اور ای میل

**ٹویٹر:**@cityoftoronto

**فیس بک:** City of Toronto

**انسٹاگرام:** @cityofto

**ویب سائٹ:** toronto.ca/ByElection

**ای میل:** elections@toronto.ca

# معلومات کا ترجمہ

اگر آپ کو کسی دوسری زبان میں معلومات درکار ہوں تو 311 پر کال کریں یا toronto.ca/elections/Voters پر جائیں

TORONTO